# OPERATING MANUAL

# طریقہ استعمال

## Cleantouch Trading Control System 2.0

## تعارفِ سافٹ وئیر:

زیرِ غور سافٹ وئیر کلینٹچ ٹریڈنگ کنٹرول سسٹم کے نام سے منسوب ہے پاکستان میں زمانہ قدیم سے مختلف بزنس اداروں میں مینول کھاتہ سسٹم و کیلکیولیٹر برائے حساب کتاب کے طور پر رائج ہیں جس سے بسا اوقات غلطی کے امکانات موجود رہتے ہیں اور اداروں میں ہر وقت بے چینی کی سی کیفیت قائم رہتی ہے ہم نے پاکستان کے مختلف اداروں میں ہونے والے کام کی نوعیت کا جائزہ لیا اور تمام تر تجزیوں کو مدّنظر رکھتے ہوئے کئی ایسے اکاؤنٹنگ سافٹ وئیر تیار کئے جو کسی بھی کاروباری ادارے کی ضروریات کو کنٹرول کرسکے جس میں وہ تمام رپورٹس صرف ایک انٹری کرنے پر کچھ سیکنڈز میں تیار ہوجائے جو دور قدیم سے منشی گھنٹوں محنت کے بعد مینول تیار کرتے ہیں اور یہ سافٹ وئیر اسی اراد ے کی ایک کڑی میں شامل ہیں یہ سافٹ وئیر کسی بھی ٹریڈنگ ادارے میں جنرل آئٹم کی سیل پرچیز اور بطور اکاؤنٹنگ ، انوینٹری رپورٹ تیار کرنے کیلئے زیر استعمال آسکتا ہے کام کی نوعیت کے اعتبار کے لحاظ سے ہم نے اس سافٹ وئیر کے دو ایڈیشن ڈیزائن کئے ہیں ایک اسٹینڈرڈ اور دوسرا پروفیشن ایڈیشن دونوں ایڈیشن کا فرق کچھ فارم اور رپورٹ کے کم ہونے کی صورت میں ہیں اس سافٹ وئیر کی خاص بات اس میں آپ اپنے ادارے کا مکمل اکاؤنٹ مینٹین کرسکتے ہیں اس سافٹ ئیر کی خاص بات اس میں تقریبا 30 سے زائد رپورٹ ہے جو آپ مختلف کرائٹ ایریا سے دیکھ سکتے ہیں مثلا اس سافٹ وئیر کی مدد سے آپ اپنی کسی بھی پارٹی یا اکاؤنٹ کا لیجر مینٹین کرسکتے ہیں چاہے وہ کاؤنٹ کیش ، بنک،پارٹی، اخراجات و انکم کا ہو۔اسکے علاوہ اس سافٹ وئیر سے آپ ڈیلی کیش بُک ، واؤچر کے پرنٹ آؤٹ، ریسیو ایبل اسٹیٹمینٹ، انکم اسٹیٹمینٹ ٹرائل بیلنس و بیلنس شیٹ کے بھی ایک پیریڈ سے دوسرے پیریڈ تک کے پرنٹ آؤٹ نکال سکتے ہیں مزید اس سافٹ وئیر کی مدد سے آپ اپنے مال کی اسٹاک رپورٹ، پرچیز رپورٹ، سیلز رپورٹ، سیلز انوائس وغیرہ وغیرہ مختلف کرائٹ ایریا سے دیکھ اور نکال سکتے ہیں ان تمام فیچرز کے پیش نظر یہ سافٹ وئیر کسی بھی ٹریڈنگ ادار ے چاہے وہ کیمیکل فرم ہو، ٹوائس فرم ہو، میڈیسن فرم ہو، فوڈ انڈسٹری ہو، پلاسٹک انڈسٹری یا کسی بھی جنرل آئٹم کی ٹریڈنگ ہوتمام کیلئے نہ صرف فائدہ مند بلکہ اہم خصوصیات کا حامل ہے۔اس سافٹ وئیر میں ٹوٹل چار مینو شامل ہیں ان مینوز میں سب سے پہلا مینو فیڈنگ کا ہے جو فیڈنگ کیلئے مخصوص ہے دوسرا مینو کسی بھی قسم کی اکاؤنٹ رپورٹز دیکھنے کیلئے مخصوص ہے ، تیسرا مینو انوینٹری رپورٹز کیلئے ہے اور چوتھے مینو میں یوزر کیلئے چند

یوٹلٹی دی گئی ہے مثلا بیک اپ لینا، بیک اپ ری اسٹو کرنا، فارم کے کلر بدلنا، پاس ورڈ بدلنا، ڈیٹا ڈیلیٹ کرنا اور اباوٹ اس وغیرہ شامل ہیں۔اس سافٹ وئیر کو رجسٹر کروانے پر سافٹ وئیر کے بیک گراونڈ،اور ہر رپورٹ کے ھیڈ پر رجسٹر کروانے والی کمپنی کانام بشمول رجسٹرڈ ورژن لکھا ہوا آتا ہے سافٹ وئیر میں لوگ ان ہونے کیلئے پاس ورڈ بنیادی طور123 ہے جسے تبدیل کیا جاسکتا ہے رجسٹریشن پن کوڈ دینے پر ہوتی ہے جو کسی ایک سسٹم کیلئے مخصوص ہوتا ہے۔سافٹ وئیر کی چیدہ چیدہ خصوصیات تحریر کرنے کے بعد اسکو اوپریٹ کرنے کی مکمل ہیلپ درج ذیل ہیں۔

## اکاؤنٹ ٹائپ: Accounts Types

یہ سافٹ وئیر کے پہلے مینو کی پہلی فارم ہے جس میں آپکو اپنے تمام اکاؤنٹ کے ھیڈز احتیاط سے ون ٹائم بنانے ہونگے جیسے مختلف کسٹمر پارٹیوں کیلئے ھیڈ اکاؤنٹ A/c Receivableہے اسی طرح مختلف اخراجات کیلئے ھیڈ Expenses ہے مختلف قسم کیلئے انکمز کیلئے ھیڈ انکم ہے مختلف بنک اکاؤنٹ کیلئے مین ھیڈ بینک ہے مختلف قسم کے چارجز کیلئے ھیڈ چارجز ہے اسی طرح مختلف اثاثوں کیلئے ھیڈ ایسیٹس ہے ویسے عموما ھیڈ بنانے کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ چند خاص ھیڈ اور اکاؤنٹ سافٹ وئیر میں بناکر دیۓ جاتے ہیں اسلئے آپکو بنانے کی ضرورت کم ہی پڑے گی لیکن ضرورت کے وقت اس میں کسطرح فیڈنگ کریں اسکا طریقہ درج ذیل ہے کہ اس فارم میں سب سے پہلا کالم ٹائپ کے نام سے منسوب ہے جس سے مراد ھیڈ کا نام ہے مثلا A/c Receivable اسکے بعد والا کالم کیٹاگری ہے جس سے مراد اس ھیڈ کی نیچر سلیکٹ کرنا ہے کہ آیا یہ بیلنس شیٹ میں کس سائڈ پر شو ہواور یہ ھیڈ ایسیٹس ہے، لائبلٹی ہے یا اسکا تعلق پروفٹ اینڈ لوس سے ہے اسکے بعد والے کالم میں آپکو ایک سیریل نمبر دینا ہے اس سے مراد کہ یہ ھیڈ بیلنس شیٹ کے پرنٹ آؤٹ میں کس نمبر پر شو ہو اسکے بعد والے آپشن میں اگر اکاؤنٹ ریسیوابیل و پۓ ایبل ھیڈ ہو تو چیک لگا دیں تاکہ ٹوٹل ریسیو ایبل / پۓ ایبل رپورٹ تیار ہوسکے اگلا کالم ھیڈ مینیمائزنگ کا ہے یعنی اس آپشن پر چیک لگانے سے آپکی ھیڈ کی لسٹ رپورٹ میں شورٹ ہوجائیگی اس طرح اس ھیڈ کو Save بٹن سے محفوظ کرلیں دیگر ھیڈ بھی بالکل اسی طرح فیڈ کرے۔

## اکاؤنٹ ماسٹر فائل : Accounts Master File

یہ سافٹ وئیر کے مینو کی دوسری فارم ہے جس میں آپکو وہ تمام اکاؤنٹ ٹائم ٹو ٹائم بنانے ہونگے جنکا واسطہ آپکی روزمرہ کی ٹرانزکشن سے ہوتا ہے یہ سافٹوئیر کی ایک اہم فارم ہے جس میں آپکو بڑی احتیاط سے اپنے ضروری اکاؤنٹ فیڈ کرنے ہیں فیڈنگ کرنے کا طریقہ بالکل آسان ہے کہ آپکو سب سے پہلے جس ٹائپ کا اکاؤنٹ بنانا ہے اس ٹائپ کو سلیکٹ کرنا ہے جیسے مثال کے طو ر آپکو اپنی ریسیوابیل پارٹی کا اکاؤنٹ کریٹ کرنا ہو تو آپ سب سے پہلے فارم کے پہلے کالم سے بیلنس شیٹ ٹائپ یعنی A/c Receivable سلیکٹ کریں یہ وہی ٹائپز ہیں جو آپنے اکاؤنٹ ٹائپ فارم میں محفوظ کی ہیں لہذا ٹائپ سلیکٹ کرنے کے بعد پارٹی کیلئے ایک کوڈ بنائیں یہ کوڈ آٹو جنریٹ ہوگا جیسے 100001 اب اسکے بعد ڈسکرپشن کے کالم میں اس پارٹی کا نام یا کمپنی نام لکھیں جیسے RizwanArif(Cleantouch Software) اسکے بعد والے کالم میں چند اوپشنل کالمز دئے گئے ہیں جیسے ایڈریس، ٹیلی فون نمبر، اوپننگ ریسیوابیل بیلنس وغیرہ اور اگر اس کسٹمر کیلئے کوئی سیلز مین یا ایریا فکس ہے تو اس کو بھی سلیکٹ کریں لیکن پہلے تمام سیلز مین و ایریا کے نام فائل کے مینو کیپیہلء اور دوسری فارم میں فیڈ کرلیں اور پھر سیوو کا بٹن دبادیں اسطرح یکے بعد دیگر پارٹیوں و دیگر ٹائپ کے اکاؤنٹ بھی مندجہ بالا طریقے سے بنائیں اور سئیو بٹن سے سافٹ وئیر میں محفوظ کرلیں۔

## سیلز مین ماسٹر فائل: Salesmen Master File

یہ فائل کے مینو کی تیسری فارم ہیں اس فارم میں آپ اپنے تمام سیلز مین جو آپ کے مال کی مختلف ایریا میں مختلف پارٹیوں کو سپلائی کرتے ہیں ان تمام کے نام فیڈ کرلیں اس فارم کا تعلق اگلی فارم وریورٹز میں موجود ہیں۔

## Brands Master File

## برانڈ ماسٹر فائل:

فائل کے مینو کی اس چوتھی فارم میں آپ اپنی تمام برانڈ کے نام مثلا STAR GOLD, LG, SONY, HP, CHINA, TIME STAR, PAK, ASHRAFI, PAKOLA, وغیرہ یہ آپکی سیل و پرچیس ہونے والی آئٹمز کا برانڈ نام ہے یعنی اسٹار گولڈ و دیگر برانڈکی تمام آئٹم اگلی فارم میں بنا کر اس کا تعلق اسکی برانڈ سے جوڑ دینگے اس سے کافی انوینٹری رپورٹز جنریٹ ہوگی۔

## Items Master File

## آئٹم ماسٹر فائل:

فائل کے مینو کی اس پانچویں فارم میں آپکو اپنی وہ تمام آئٹم جسکی سیل پرچیس آپ چاہے خام مال کی صورت میں کرتے ہو یا پراڈکٹ کی صورت میں تمام کا ریکارڈ ایک مرتبہ یہاں فیڈ کرنا ہوگا مثلا ایک آئٹم ہے واشنگ مشین جو آپکی پراڈکٹ ہے اسکا اندراج کرنے کیلیئے سب سے آئٹم کوڈ دالنا ہوگا جیسے 10001 اسکے بعد والے کالم یعنی ڈسکرپشن میں آئٹم کانام یا ماڈل نمبر جیسے ST-5885 اب اسکے والے کالم میں اس آئٹم کا برانڈ نام سلیکٹ کرینگے F5 کی مدد سے یا سرچنگ مرر کو کلک کرنے آپکو اپنی بنائی برانڈ نظر آئینگی مثلا آپ اسٹار گولڈ سلیکٹ کریں،ان آپ اس آئٹم کی سیل و پرچیس پرائز ڈالیں اور اسکا یونٹ تحریر کریں جیسے Pcs اور اس آئٹم کی کم از کم تعداد حاضر اسٹاک لکھیں اور اسکو سیوو کرلیں۔اس طرح دیگر آئٹم کا ریکارڈ بھی اسی طریقے سے فیڈ کریں۔

## Locations Master File

## لوکیشن ماسٹر فائل:

فائل کی اس چھٹی فارم میں آپ اپنے تمام وئیر ہاؤس جہاں جہاں آپ کا مال اسٹاک ہوتا ہے ایک بار لکھکر سیوو کرلیں۔

## اوپننگ اسٹاک ماسٹر فائل: Opening Stock

فائل کے مینو کی اس ساتویں فارم میں آپ اپنی اُن تمام آئٹم کا اسٹاک یہاں فیڈ کرلیں جو آپ کے پاس اس سافٹ وئیر میں انٹر ی کرتے وقت مختلف آوٹ لیٹز میں موجود ہیں اس فارم میں انٹری کرنے کا طریقہ کار بالکل آسان ہے مثلا اس سافٹ وئیر میں اگر آپ پہلی جنوری سن دو ہزار سات سے کام کرنا چاہتے ہیں تو آپ سے پہلے جو سیریل نمبر آرہا ہے اسکو انٹر کریں یہ سیریل نمبر آٹو جنریٹ ہے اسکے تاریخ کے کام میں 31/12/2006 انٹر کریں اب اسکے بعد F5 کی مدد سے کیپیٹل کوڈ سلیکٹ کریں کیپیٹل کوڈ کا تعلق مالک کی انویسٹمینٹ سے ہے اگر اوپننگ اسٹاک مکمل مالک کی اپنی ملکیت ہے یعنی بغیر ادھار کے ہے تو یہاں کیپیٹل کوڈ میں کمپنی کوڈ سلیکٹ کریں یہ کو ڈ دراصل کریڈٹ سائڈ ہے یہ کوڈآپ اکاؤنٹ ماسٹر فائل مین بنائینگے اس کوڈ کو سلیکٹ کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ آپکا ٹرائل بیلنس ٹیلی آئیگااب اسکے بعد آپکے سامنے انٹری نمبر آرہاہے جو آٹو جنریٹ ہے یعنی ہر آئٹم سیوو کرنے پر انٹری نمبر چینج ہوتا جائیگا اب F 5 کی مدد سے آئٹم کوڈ سلیکٹ کریں کہ آیا کونسا آئٹم کتنی تعداد اور کس ریٹ سے کس لوکیشن میں رکھا ہوا ہے اسکے بعد اس آئٹم کی انفارمیشن کو اسمال سیوو بٹن دباکر محفوظ کرلیں آپ دیکھینگے آئٹم سیوو ہوتے ہی انٹری نمبر دو ہوجائیگا اب باری باری تمام آئٹم کو اسی طریقے سے سیوو کرلیں اب اسکے بڑے سیوو بٹن سے اس پورے واؤچر کو محفوظ کرلیں بٹن دباتے ہی آپ دیکھینگے کہ سیریل نمبر دو ہوجائیگا یعنی ایک سیریل نمبر میں آپ ملٹی انٹری کرسکتے ہیں ان انٹریوں کی پوسٹنگ آٹو میٹک اسٹاک رپورٹ، بیلنس شیٹ وغیرہ میں ہوجائیگی۔

## اسٹاک ایڈجسٹمینٹ: Stock Adjustment

فائل کے مینوکی اس آٹھویں فارم میں آپ اپنی کسی آئٹم کو ایک لوکیشن سے دوسری لوکیشن میں منتقل کرسکتے ہیں اسکا طرقہ کار کچھ یوں ہے کہ آپ پہلے تاریخ ڈالیں اسکے بعد اس آئٹم کو سلیکٹ کریں جسے ایڈجسٹ کرنا ہے اب اس جگہ کو سلیکٹ کریں جہاں سے یہ آئٹم کو منتقل کرنا ہے اور پھر اس آئٹم کو سلیکٹ کریں جہاں پر یہ آئٹم رکھنا ہے اب اسکے بعد اسکی تعداد ، ریٹ سلیکٹ کرکے سیوو کرلیں آپ کی آیٹم ایک جگہ سے کم ہوکر دوسری جگہ بڑھ جائیگی۔

## خریداری آرڈر / پرچیز کنٹریکٹ فائل: Purchase Order

فائل کے مینوکی اس نویں فارم میں اگر آپ پرچیز سے پہلے اپنے کسی سپلائیر کو پرچیز آرڈر دیتے ہیں کہ فلاح مال کی اتنی ضرورت ہے تاکہ ایک رپورٹ تیار ہو کہ آیا کتنے تعداد میں آرڈر دیا تھا اور کتنا ڈلیور ہوچکا ہے اور اب کیا بیلنس باقی ہے اس میں فیڈنگ کرنے کا طریقہ کار بالکل آسان ہے کہ سب سے پہلے تو آپ اس پارٹی کو سلیکٹ کرینگے جسکو آپ Order دینے جارہے ہیں اور پھر اسکے اس آئٹم کو سلیکٹکرینگے جس آئٹم کا آپ آرڈر دے رہے ہیں اور پھر اس آئٹم کی تعداد و ریٹ وغیرہ لکھکر Small Save Button سے محفوظ کرلیں اگراسی پارٹی کو ایک سے زائد آئٹم کا آرڈر دے رہے ہے تو یکے بعد دیگر آئٹم سیو کرکے Big Save Button سے محفوظ کرلیں۔

## خرید / پرچیز ماسٹر فائل: Purchases

فائل کے مینوکی اس دسویں فارم میں آپ اپنی روزمرہ کی خرید سے متعلق انٹریاں کرسکتے ہیں جیسے آپ کسی پارٹی سے کسی آئٹم کی پرچیزنگ کرتے ہیں تو اسکا ریکارڈ یہاں فیڈ کدینگے کہ آیا کس پارٹی سے کونسی آئٹم کس تعداد و ریٹ سے کس جگہ رکھی آپکی اس فیڈنگ پر سافٹ ویئر آپکی انٹری اسٹاک رپورٹ، پرچیز رپورٹ، پارٹی اسٹیٹمینٹ وغیرہ میں آٹو درج کردیگا انٹری کرنے کا طریقہ کار بہت آسان ہے سب سے پہلا کالم بل نمبر کاہے جو آٹو جنریٹ ہے اسکے بعد تاریخ و ٹائم لکھیں، اسکے بعد اس دن کی تعداد لکھیں جتنے دن کی کریڈٹ پر آپ نے مال پارٹی سے پرچیز کیا ہے یہ کالم آپشنل ہے اس کے بعد پرچیز ٹرم سلیکٹ کریں کہ آیا مال نقد پر لیا ہے یا کریڈٹ ہے اب اگر آپ پرچیزنگ کسی پرچیز آرڈر کے بدلے کررہے ہیں تو پرچیز آرڈر نمبر سلیکٹ کرے آپ کے سامنے دےئے گئے پینڈنگ آرڈر کی لسٹ آجائیگی اب اگر آپ کسی پارٹی کو دیا گیا آرڈر سلیکٹ کرینگے تو پارٹی کوڈ میں اسکا نام آٹو آجائیگا ورنہ F5 کی مدد سے سلیکٹ کریں جس سے آپ پرچیزنگ کررہے ہیں مثلا Shehzad Arif اب اسکے بعد پارٹی کا وہ انوائس نمبر ڈالیں جو آپ کو پرچیزنگ کرتے وقت ملا ہے اسکے بعد F5 کی مدد سے اُس آئٹم کو سلیکٹ کریں جو آپ پرچیز کررہے ہیں اگر آرڈر وائس پر چیز کررہے تو مخصوص آئٹم کی لسٹ اور آرڈر کی تعداد شو ہوجائیگی وگرنہ F5 کی مدد آئٹم سلیکٹ کرکے اسکی تعداد ، ریٹ، ڈسکاؤنٹ (اگر آئٹم پر ملا ہے تو) سلیکٹ کریں پھر وہ جگہ جہاں مال اسٹاک کرنا ہے سلیکٹ کریں اسکے بعد اس آئٹم کی انفارمیشن کو اِسمال سیوو بٹن دبا کر محفوظ کرلیں

آپ دیکھینگے آئٹم سیوو ہوتے ہی انٹری نمبر دو ہوجائیگا اگر اسی پارٹی سے مزید آئٹم پرچیز کررہے تو یکے بعد دیگر سیوو کرتے جائیں اب اگر ٹوٹل بل پر کوئی ڈسکاؤنٹ ملا ہے تو لیس ڈسکاؤنٹ کے کالم میں اسکی اماؤنٹ لکھ دیں سافٹ وئیر آٹو ٹوٹل اماؤنٹ سے ڈسکاؤنٹ اماؤنٹ لسی کرکے بقیہ رقم آپکو شو کردے گا اب پارٹی کے آپشن میں کسی ایک آپشن پر کلک کریں اس بل کی تفصیلات پارٹی کے لیجر میں مکمل جائیں یا صرف شورٹ سمری جائیں اور اگر آپ اس پارٹی کے ایٹ آ تائم یعنی پرچیزنگ کے وقت ہی کچھ یا پوری رقم دیں دیتے ہیں تو اسکی تفصیلات Cash Rec/Pay کے کالم میں درج کریں کہ کتنی اماؤنٹ کسی اکاؤنٹ سے بھی ادا کی اب اگر اس بل سے متعلق کوئی نوٹ یا ریمارکس ہے تو وہ بھی تحریر کردیں اور پھر بڑے سیوو بٹن سے اس پورے واؤچر کو محفوظ کرلیں بٹن دباتے ہی آپ دیکھینگے کہ سیریل نمبر دو ہوجائیگا یعنی ایک سیریل نمبر میں آپ ملٹی انٹری کرسکتے ہیں ان انٹریوں کی پوسٹنگ آٹو میٹک اکاؤنٹ لیجر، اسٹاک رپورٹ، بیلنس شیٹ وغیرہ میں ہوجائیگی۔

## خرید / پرچیزریٹرن ماسٹر فائل: Purchase Return

فائل کے مینوکی اس گیارھویں فارم میں آپ اگر کوئی پرچیز شدہ مال کی واپسی کرتے ہیں تو اس کی انٹری اس فارم میں کرینگے اسکا طریقہ کار بالکل پرچیز فارم میں فیڈنگ کی طرح ہی ہے۔

## فروخت آرڈر / سیل کنٹریکٹ فائل: Sales Order

فائل کے مینوکی اس بارھویں فارم میں اگر آپ سیل سے پہلے اپنے کسی بائیرسے سیل آرڈر لیتے ہیں کہ فلاح مال کی اتنی اتنی ضرورت ہے تاکہ ایک رپورٹ تیار ہوکہ آیا کتنی تعداد میں ملا کا آرڈر لیا تھا اور کتنا ڈلیور ہوچکا ہے اور اب کیا بیلنس باقی ہے اس میں فیڈنگ کرنے کا طریقہ کار بالکل آسان ہے کہ سب سے پہلے تو آپ اس پارٹی کو سلیکٹ کرینگے جس سے آپ Order لینے جارہے ہیں اور پھر اسکے اس آئٹم کو سلیکٹکرینگے جس آئٹم کا آپ آرڈر لے رہے ہیں اور پھر اس آئٹم کی تعداد و ریٹ وغیرہ لکھکر Small Save Button سے محفوظ کرلیں اگراسی پارٹی سے ایک سے زائد آئٹم کا آرڈر لے رہے تو یکے بعد دیگر آئٹم سیوو کرکے Big Save Button سے محفوظ کرلیں۔

## فروخت / سیلز ماسٹر فائل: **Sales**

فائل کے مینو کی اس تیرھویں فارم میں آپ اپنی روزمرہ کی فروخت سے متعلق انٹریاں کرسکتے ہیں جیسے آپ کسی پارٹی کو کسی آئٹم کی فروخت کرتے ہیں تو اسکا ریکارڈ یہاں فیڈ کدینگے کہ آیا کس پارٹی کو کونسی آئٹم کس تعداد و ریٹ سے کس جگہ سے اٹھاکردی آپکی اس فیڈنگ پر سافٹ وئیر آپکی انٹری اسٹاک رپورٹ، پرچیز رپورٹ، پارٹی اسٹیٹمینٹ وغیرہ میں آٹو درج کردیگا انٹری کرنے کا طریقہ کار بہت آسان ہے سب سے پہلا کالم بل نمبر کاہے جو آٹو جنریٹ ہے اسکے بعد تاریخ و ٹائم لکھیں، اسکے بعد اس دن کی تعداد لکھیں جتنے دن کی کریڈٹ پر آپ نے مال پارٹی کو بیچا یہ کالم آپشنل ہے اس کے بعد پرسیل ٹرم سلیکٹ کریں کہ آیا مال نقد پر دیا ہے یا کریڈٹ ہے اب اگر آپ سیل کسی سیل آرڈر کے بدلے کررہے ہیں تو سیل آرڈر نمبر سلیکٹ کرے آپ کے سامنے لیے گئے پینڈنگ آرڈر کی لسٹ آجائیگی اب اگر آپ کسی پارٹی کو دیا گیا آرڈر سلیکٹ کرینگے تو پارٹی کوڈ میں اسکا نام آٹو آجائیگا وگرنہ F5 کی مدد سے سلیکٹ کریں اگر ہو جسے آپ سیل کررہے ہیں مثلا Arif اب اسکے بعد پارٹی کا مینول انوائس نمبر ڈالیں اگر سیل کسی سیلز مین، ایریا یا بُکر کے ذریعے ہورہی ہے تو اسکے بھی سلکیٹ کرسکتے ہیں اسکے بعد F5 کی مدد سے اُس آئٹم کو سلیکٹ کریں جو آپ سیل کررہے ہیں اگر آرڈر وائس سیل کررہے تو مخصوص آئٹم کی لسٹ اور آرڈر کی تعداد شو ہوجائیگی وگرنہ F5 کی مدد آئٹم سلیکٹ کرکے اسکی تعداد ، ریٹ، ڈسکاؤنٹ (اگر آئٹم پر ملا ہے تو) اور اگر کسی اسکیم کے تحت کسی پارٹی کو کوئی آئٹم ایکسٹرا یعنی فری/بونس کے طور پر دے رہے ہیں تو اسکی بھی تعداد لکھیں پھر وہ جگہ جہاں سے مال اٹھانا ہے سلیکٹ کریں اسکے بعد اس آئٹم کی انفارمیشن کو اِسمال سیوو بٹن دبا کر محفوظ کرلیں آپ دیکھینگے آئٹم سیوو ہوتے ہی انٹری نمبر دو ہوجائیگا اگر اسی پارٹی کو مزید آئٹم سیل کررہے تو یکے بعد دیگر سیوو کرتے جائیں اب اگر ٹوٹل بل پر کوئی ڈسکاؤنٹ دیا ہے تو لیس ڈسکاؤنٹ کے کالم میں اسکی اماؤنٹ لکھ دیں سافٹ وئیر آٹو ٹوٹل اماؤنٹ سے ڈسکاؤنٹ اماؤنٹ لیس کرکے بقیہ رقم آپکو شو کردے گا اب پارٹی کے آپشن میں کسی ایک آپشن پر کلک کریں اس بل کی تفصیلات پارٹی کے لیجر میں مکمل جائیں یا صرف شورٹ سمری جائیں اور اگر آپ کو پارٹی ایٹ آ تائم یعنی پرچیز کے وقت ہی کچھ یا پوری رقم دیں دیتے ہیں تو اسکی تفصیلات Cash Rec/Pay کے کالم میں درج کریں کہ کتنی اماؤنٹ کس اکاؤنٹ سے ادا کی اب اگر اس بل سے متعلق کوئی نوٹ یا ریمارکس ہے تو وہ بھی تحریر کردیں اور پھر بڑے سیوو بٹن سے اس پورے واؤچر کو محفوظ کرلیں بٹن دباتے ہی آپ دیکھینگے کہ سیریل نمبر دو ہوجائیگا یعنی ایک سیریل نمبر

میں آپ ملٹی انٹری کرسکتے ہیں ان انٹریوں کی پوسٹنگ سے آٹو میٹک اکاؤنٹ لیجر، سیلز انوائس، اسٹاک رپورٹ، بیلنس شیٹ وغیرہ تیار ہوجائیگی۔

## فروخت / سیلزریٹرن ماسٹر فائل: Sales Return

فائل کے مینوکی اس چودھویں فارم میں آپ کو اگر کوئی پارٹی فروخت شدہ مال واپسی کرتی ہیں تو اس کی انٹری آپ اس فارم میں کرینگے اسکا طریقہ کا ر بالکل سیلز فارم میں فیڈنگ کی طرح ہی ہے۔

## انوینٹری ان ماسٹر فائل: Inventory In

فائل کے مینوکی اس پندرھویں فارم میں اگر آپ مینوفیکچرر ہے تو اسکو زیرِ استعمال لاسکتے ہیں ورنہ کسی عام ڈسٹری بیوٹر کیلئے اس فارم میں فیڈنگ کی ضرورت عموماًنہیں پرتی بعض اوقات مینوفیکچرر ادارے اپنے ہی کسی ڈیپارٹمنٹ کوRaw Material کی صورت میں آئٹمissue کرتے ہیں اور پھر اسکے بدلے ڈیپارٹمنٹ سے آئٹمProduct کی صورت میں ریٹرن لیتے ہیں اس سارے عمل کو وہ اس انوینٹری ان اور اگلی فارم انیوینٹری آوٗٹ میں مینٹین کرسکتے ہیں اسکے علاوہ اس فارم کو مختلف ایڈجسٹمنٹ کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔اسکا طریقہ کار بھی سیل پرچیز کی طرح ہی ہے۔

## انوینٹری آوٗٹ ماسٹر فائل: Inventory Out

فائل کے مینوکی اس سولھویں فارم کا پروسیجر بھی انوینٹری ان کی فارم میں پوسٹنگ کاسا ہے۔

## کیش و چیک وصولی ماسٹر فائل: Receipt Voucher

فائل کے مینو کی اس سترھویں فارم میں آپ ان تمام وصولیوں کی انٹری کرسکتے ہیں جو کسی ڈیٹر پارٹی یا کسی اور ذرائع سے وصول ہوئی ہو چاہے وہ کیش کی صورت میں ہو یا چیک کی صورت میں دونوں کی انٹری اس ایک آپشن میں جاکر کیش / بنک ریسیٹ فارم سلیکٹ کرکے کرسکتے ہیں اسکا طریقہ کار بالکل آسان ہے واؤچر نمبر جو عموما جو آٹو جنریٹ ہے اسکے بعد والا کالم تاریخ کا ہے اسکے بعد جس اکاؤنٹ میں رقم آرہی ہے یعنی کیش میں یا بنک میں مثلا F5 کی مدد سے کیش کا اکاؤنٹ سلیکٹ کرے اب اسکے بعد اس انٹری نمبر ون میں اس پارٹی یا اس اکاؤنٹ کو سلیکٹ کرے جس سے پیمنٹ آرہی ہے مثلا رضوان عارف یہاں پارٹی اکاؤنٹ سلیکٹ کرتے ہی اسکا سیلز مین و ایریا آٹو آئیگا اب اسکے والا کالم تفصیلات کاہے جس میں آپ چاہے تو کچھ بھی تفصیل لکھ سکتے ہیں مثلا چیک نمبر، بنک نام وغیرہ اب اسکے والے کالم وہ رقم لکھیں جو وصول ہورہی ہے اور اگر پارٹی نے پہلے ہی وصول ہونے والی اماؤنٹ پر انکم ٹیکس ڈیڈکٹ کرلیا ہے تو اسکی پرسنٹیج یا اماؤنٹ انکم ٹیکس کے کالم میں فیڈ کریں اسکے بعد اس انٹری کی انفارمیشن کو اِسال سیوو بٹن دبا کر محفوظ کرلیں اور اگر پارٹی نے آپکو انکم ٹیکس ڈیپوسٹ کا چالان دے دیا ہے آپشن پر ٹک کردیں آپ دیکھینگے آئٹم سیوو ہوتے ہی انٹری نمبر دو ہوجائیگا اب اگر مزید پارٹیوں سے بھی وصولی کی انٹری بھی اسی واؤچر میں کرنا چاہتے ہیں تو باری باری پارٹی کو سلیکٹ کرکے اسی طریقے سے سیوو کرلیں پھر اسکے بعد بڑے سیوو بٹن سے اس پورے واؤچر کو محفوظ کرلیں بٹن دباتے ہی آپ دیکھینگے کہ سیریل نمبر دو ہوجائیگا یعنی ایک سیریل نمبر میں آپ ملٹی انٹری کرسکتے ہیں ان انٹریوں کی پوسٹنگ سے ریسیٹ واؤچر، کیش بک، ترائل بیلنس، پارٹی اسٹیٹمینٹ، بیلنس شیٹ وغیرہ آٹو تیار ہوجائیگی۔

## کیش و چیک ادائیگی ماسٹر فائل: Payment Voucher

فائل کے مینو کی اس اٹھرویں فارم میں آپ ان تمام ادائیگیوں کی انٹری کرسکتے ہیں جو آپ کسی کریڈیٹر پارٹی یا کسی اور ایکسپینس وغیرہ کے اکاؤنٹ کو ادا کرتے ہیں یہ ٹراسیکشن چاہے وہ کیش کی صورت میں ہو یا چیک کی صورت میں دونوں کی انٹری اس ایک آپشن میں جاکر کیش/ بنک ریسیٹ فارم سلیکٹ کرکے کرسکتے ہیں اسکا طریقہ کار بھی بالکل آسان ہے واؤچر نمبر جو عموما جو آٹو جنریٹ ہے اسکے بعد والا کالم تاریخ کا ہے اسکے بعد جس اکاؤنٹ سے رقم ہیں جارہی ہے یعنی کیش سے یا بنک سے مثلا F5 کی مدد سے کیش کا اکاؤنٹ سلیکٹ کرے اب اسکے بعداس انٹری نمبر ون میں اس پارٹی یا اس اکاؤنٹ کو سلیکٹ کرے جسے آپ پیمنٹ دے رہے ہیں مثلا شہزاد عارف اب اسکے والا کالم تفصیلات کاہے جس میں آپ چاہے تو کچھ بھی تفصیل لکھ سکتے ہیں مثلا چیک نمبر، بنک نام وغیرہ اب اسکے والے کالم میں وہ رقم لکھیں جو آپ کسی اخراجات کی مد میں کسی پارٹی کو اداکررہے ہے اور اگر آپ نے بھی اس پارٹی انکم ٹیکس ڈیڈکٹ کیا ہے تو اسکی انفارمیشن لکھیں اگر آپ نے پارٹی کو انکم ٹیکس ڈیپوسٹ کا چالان دے دیا ہے آپشن پر ٹک کردیں پھر اسکے بعد اس انٹری کی انفارمیشن کو اِسمال سیوو بٹن دبا کر محفوظ کرلیں آپ دیکھینگے آئٹم سیوو ہوتے ہی انٹری نمبر دو ہوجائیگا اب اگر مزید پارٹیوں یااکاؤنٹ میں ادائیگی کی انٹری بھی اسی واؤچر میں کرنا چاہتے ہیں تو باری باری پارٹی کو سلیکٹ کرکے اسی طریقے سے سیوو کرلیں اب اسکے بڑے سیوو بٹن سے اس پورے واؤچر کو محفوظ کرلیں بٹن دباتے ہی آپ دیکھینگے کہ سیریل نمبر دو ہوجائیگا یعنی ایک سیریل نمبر میں آپ ملٹی انٹری کرسکتے ہیں ان انٹریوں کی پوسٹنگ سے پئیمینٹ واؤچر، کیش بک، ترائل بیلنس، پارٹی اسٹیٹمینٹ، بیلنس شیٹ وغیرہ آٹو تیار ہوجائیگی۔

## جنرل جرنل ماسٹر فائل: Journal Voucher

فائل کے مینو کی یہ اُنیسویں فارم ہے جو کسی بھی طرح کی ایڈجسٹمنٹ کیلئے استعمال کی جاسکتی ہے چاہے وہ پر چیس سے متعلق، سیل سے متعلق ہو، انکم سے متعلق ہو، اخراجات سے متعلق ہو، ڈیپریسیشن سے متعلق ہو ، بیڈ ڈیٹ سے متعلق ہو غرض کسی بھی اکاؤنٹ سے متعلق ہو آپ کو یہاں انٹری کرنی پر ے گی۔اس کا طریقہ بھی کوئی زیادہ مشکل نہیں اگر آپ کی اکاؤنٹنگ بیس مظبوط ہے تو پھر آپ باآسانی اس میں انٹریز کرسکتے ہیں ایک مثال کے ذریعے اسکو سمجھئے کہ اس فارم میں سب سے پہلا اور دوسراکالم حسب معمول سیریل نمبرو تاریخ ہے جس سے متعلق پچھلی فارم میں تفصیل بتا دی گئی ہے لہذا اگلے کالم میں اس اکاؤنٹ کو سلیکٹ کرینگے جسے ڈیبٹ کرنا ہے مثلا Purchase A/c اکاؤنٹ کو سلیکٹ کریں اسکے Narration کے کالم میں بل نمبر و آئٹم وغیرہ کی تفصیلات لکھیں جس اماؤنٹ سے پرچیز کررہے اس اما ؤنٹ کو لکھیں اور اسکے بعد اس انٹری کو چھوٹے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں اسکے آپ دیکھینگے کہ انٹری نمبر 2 آرہاہو گا یعنی یہاں بھی ملٹی انٹری کرنے کی سہولت موجود ہے اب آپ انٹری نمبر دو آنے کے پھر F 5Key کی مدد سے اس اکاؤنٹ کو سلیکٹ کریں جس پارٹی سے آپ پرچیز کررہے ہیں مثلا Shehzad Arif اسکے بعد اماؤنٹ کے کالم میں وہ اماؤنٹ لکھیں جس اماؤنٹ کی آپ نے اس پارٹی سے پرچیز کی ہے اور اپھر اسکو چھوٹے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں اسکے آپ دیکھینگے کہ انٹری نمبر3 آرہاہو گا فرض کریں کہ آ پ پرچیز اکاؤنٹ کو 100,000/- سے ڈیبٹ کررہے ہیں اور Shehzad Arif کو آپ 50,000/- سے کریڈٹ کرہے تو اور ایک اور پارٹی انٹری نمبر تین میں 50,000/- سے کریڈٹ کررہے تو آپ دیکھینگے کہ آپکا واؤچر برابر ہوجائے گا اور اسکے بعد چاہے تو اسے بڑے والے سیوٗ بٹن سے محفوظ کرلیں۔اسی طرح اگر کسی پارٹی سے ریسیوابیل رقم ڈوب جاتی ہے تو بھی اس جنرل واؤچر کے ذریعے ایڈجسٹ کرینگے اسکا بھی طریقہ درج ذیل ہے کہ بیڈ ڈیٹ اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرینگے اور ڈوب جانے والی اماؤنٹ یعنی پارٹی کو کریڈٹ کردینگے اسی طرح ڈیپریسئیشن وغیرہ کیلئے بھی اس فارم میں فیڈنگ کرینگے لہذا یہ فارم مکمل اکاؤنٹنگ کیلئے انتہاہی اہم فارم ہے۔

## پراڈکٹ کی مدمیں خرچہ فائل: Product Expense Voucher

فائل کے مینو کی یہ بیسویں اور لاسٹ فارم ہے یہ فارم بھی دیگر تمام فارمز کی طرح ایک اہم کارآمد فارم ہے یہ فارم کئی طرح کی ایڈجسٹمنٹ کیلیئے کارآمد ہوسکتی ہے عموما یہ فارم آئٹم کی لاگت بڑھانے کیلیئے زیر استمعال آسکتی ہے مثلا آپ نے اگر کارٹیج پےئ کیا ، یا کسی آئٹم کیلیئے کوئی اضافی خرچہ ادا کیا اور آپ چاہتے ہیں اس رقم کا اثر آئٹم کی مجموعی کوسٹ پڑے تو آپ اس فارم کو استمعال کرینگے کہ Credit A/c میں کیش،بنک یاسپلائیر کوسلیکٹ کرینگے اور Debit A/c میں آئٹم کو اور پھر اسکی تفصیلات لکھینگے۔

تحریر: رضوان عارف

Cleantouch Software Corp.

# تعارف کمپنی:

Cleantouch Software Corp.

کلینٹچ سافٹ ویئر کارپوریشن کی ابتداء 1998 کے اوائل میں پاکستان میں پہلی بار انگریزی سے اُردو ترجمہ کرنے والی ایک سی ڈی پر مشتمل ڈکشنری بنانے پر ہوئی جو ایک خدمت کے طور پر بلا معاوضہ پورے پاکستان میں پبلش کی گئی جسے لوگوں نے بے حد سراہا اور آج تک اس کی مارکیٹ میں سیل جاری وساری ہیں۔ لوگوں میں بے حد مقبولیت پانے پر کمپنی کے پروگرام کو بعض تعلیمی و سماجی تنظیموں نے بریں ایوارڈ سے نوازا جو کمپنی کیلئے قابل فخر ہیں اس طرح ڈکشنری کی مقبولیت کے چرچے پاکیستان کے اخبارات کی سرخیاں بننے لگے جس کی بدولت ہمیں مزید آئی ٹی کے میدان میں کچھ کرنے کا جذبہ ملا اور ہم نے مختلف بزنس کمپنیوں کیلئے پاکستانی بیسڈ اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر بنانا شروع کیے جس سے بہت سے تعلیمی ادارے اور طلباء مستفید ہوئے اور ہو رہے ہیں جو ہماری کمپنی کیلئے قابل ستائش بات ہے واضح رہے کہ ابتدا میں ڈکشنری کی سیل سے ہم نے اپنی ذات کیلئے کوئی پیسہ مقرر نہیں کیا۔ ابتدائی ادوار میں سافٹ ویئر کی مارکیٹ میں کافی مسائل درپیش ہوئے لیکن کمپنی ارادے مستحکم رکھنے کی پالیسی پر گامزن ہیں جس سے کامیابیاں قدم چومنے لگیں اور دیکھتے ہی دیکھتے پاکستان اور کئی دیگر ممالک میں ہمارے فری سافٹ ویئر استعمال کرنے والوں کی تعداد ہزاروں اور لاکھوں میں ہوتی گئی جو کلینٹچ کیلئے ایک اعزاز سے کم نہیں اور یکے بعد دیگر لوگوں نے اپنا اکاؤنٹ آسان کرنے کیلئے ہمیں اپنی ڈیمانڈ ارسال کیں جسکو ہم نے خوش اسلوبی کے ساتھ قبول کیا اور ثابت قدمی کے ساتھ مائیکرو سافٹ ویژیول فوکس پرو پر تقریباً پچاس قسم کے سافٹ ویئر تخلیق کئے اور اب تک تقریباً 450 بزنس ادارے ہم سے سافٹ ویئر رجسٹرڈ کرواچکے ہیں ان سافٹ ویئر میں جو کاروباری اداروں میں بے پناہ مقبول ہوئے ان میں کلینٹچ اکاؤنٹ سسٹم، ٹریڈنگ سسٹم، پروڈکشن سسٹم، میڈیسن سسٹم، یارن ٹریڈنگ، اسکول سسٹم وغیرہ ہیں مختلف قسم کے اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر، پروفائل، ایوارڈز وغیرہ کی لسٹ آپ ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کرسکتے ہیں (www.cleantouch.com.pk) لوگوں میں بے پناہ مقبولیت پانے کی خاص وجوہات میں سافٹ ویئر کی کوالٹی، خوش اخلاقی، مناسب ریٹ، بیک اپ سپورٹ وغیرہ شامل ہیں جو ہمیں مختلف سافٹ ویئر کمپنیز سے ممتاز کرتی ہیں لوگوں کے بے اصرار پر ہم نے 2004 میں سوالات و جوابات پر مشتمل ایک معلوماتی گیم کی تخلیق کی جسے اہل علم نے بے حد سراہا سافٹ ویئر کی تخلیق کا کام اب بھی جاری ہے اور آپکا ساتھ رہا تو اسی طرح مزید بہتر طریقے سے انشاء اللہ جاری رہیگا۔